PR NO 51/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کا گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کا دورہ

کاروباری حضرات اور صنعت کار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں۔وفاقی محتسب کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے دورے کے موقع پر ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم کاروباری افراد کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تقریباً 200 سے زیادہ ادارے وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال دو لاکھ 23 ہزار سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔قبل ازیں چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔انہوں نے وفاقی محتسب سے کہا کہ اگر بزنس کمیونٹی کے مسائل حل ہونے لگیں تو ملک معاشی طور پر بہت ترقی کرسکتا ہے۔وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 25 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں، جن سے ان علاقوں میں رہنے والے لوگ بھرپور استفادہ کر رہے ہیں، وفاقی محتسب کے پاس 99 فیصد غریب لوگ آتے ہیں جو وکیلوں کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے جبکہ یہ ادارہ ان کے مسائل مفت اور جلد از جلد حل کر دیتا ہے۔وفاقی محتسب نے وفد کو یقین دلایا کہ آپ اپنی انفرادی شکایات ہمارے پاس بھیجیں ہم قانون کے مطابق ان پر کارروائی کریں گے۔قبل ازیں وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے دورے کے دوران ایک اجلاس کی صدارت بھی کی اور میڈیا کے نمائندوں کو وفاقی محتسب کی طرف سے اٹھائے گئے اہم اقدامات کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال اب تک دو لاکھ سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ سال کے آخر تک ان کی تعداد اڑھائی لاکھ سے بھی بڑھ جائے گی۔

09 | X | 2025

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

09 اکتوبر 2025ء